تعارف وتبصرہ

تمباکو اور اسلام

مولانا حفظ الرحمٰن اعظمی ندوی

ناشر: جمعیۃ الاصلاح، مان پور سڑوا، رام گڑھ روڈ، جے پور، ۲۰۰۴ء، صفحات: ۱۶۴، قیمت درج نہیں

تمباکو نوشی اور اس کے ضمن میں بیڑی سگریٹ نوشی نے پوری دنیا کو اپنی گرفت میں لے رکھا ہے۔ ایک طرف اس کی ترغیب وتشویق کے نت نئے طریقے اختیار کیے جاتے اور پرکشش اعلانات اور اشتہارات شائع کیے جاتے ہیں۔ اور دوسری طرف ہر اشتہار کی ڈبّی پر بہت باریک خط میں یہ بھی تحریر کردیا جاتا ہے کہ: ''سگریٹ نوشی مضرِ صحت ہے''۔ صحتِ انسانی کے لیے اس کا ضرر رساں ہونا ان عالمی رپورٹوں سے پوری طرح عیاں ہے جن میں بتایا گیا ہے کہ ہر سال تقریباً پانچ ملین لوگ اس بری لت کی وجہ سے مرتے ہیں ۔ اور یہ کہ ان کی تعداد خطرناک متعدی امراض سے مرنے والوں کی تعداد سے زیادہ ہے۔ زیرِ نظر کتاب میں اسلامی تعلیمات کی روشنی میں تمباکو اور اس کے ضمن میں بیڑی، سگریٹ حقہ وغیرہ کے مسئلہ پر بحث کی گئی ہے۔

ابتدا میں فاضل مصنف نے تمباکو کی ماہیت، خواص، طبّی حیثیت، استعمال کے مختلف طریقے، تاریخی پس منظر، عرب اور مسلم ممالک اور برصغیر میں آمد، اس سے متعلق عصری تحقیقات، تمباکو نوشی کے خلاف مہم کا جائزہ اور اسلام اور دیگر مذاہب میں اس کا حکم بیان کیا ہے۔ مسلمانوں میں بعض حضرات تمباکو نوشی کو جائز سمجھتے ہیں، جب کہ بیش تر اس کی حرمت کے قائل ہیں۔ مصنف نے اس موضوع پر تفصیلی مواد جمع کیا ہے۔ انھوں نے اباحت کے قائلین کے دلائل کا جائزہ لینے کے بعد بیان کیا ہے کہ حلّت وحرمت میں اختلاف سے قطعِ نظر تمام علماء کا اس بات پر اتفاق ہے کہ مضرِ صحت چیز سے پرہیز کرنا چاہیے اور تمباکو نوشی کا ضرر تسلیم شدہ ہے، مزید براں اس میں اسراف بھی ہے جس کی اسلام قطعاً اجازت نہیں دیتا۔

فاضل مصنف کی یہ کوشش لائقِ ستائش ہے۔ معاشرہ میں تمباکو نوشی کے خلاف عوامی بیداری پیدا کرنے کے لئے اسے زیادہ سے زیادہ عام کرنا چاہیے۔ پہلے اس کتاب کو فرید بک ڈپو دہلی نے شائع کیا تھا۔ اب مصنف کی نظرِ ثانی کے بعد یہ جمعیۃ الاصلاح، جے پور کی جانب سے شائع ہوئی ہے۔ (محمد رضی الاسلام ندوی)